Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 1 Tarjmatul Quran Chapter 9 Short Questions Test

Q1. سورۃ التوبہ کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ التوبہ مدنی سورت ہے.

Q2. سورۃ البقرہ میں مال خرچ کرنے کی کیا ترتیب بتائی گئی ہے.

Ans 1: اللہ تعالی نے مال خرچ کرنےکی یہ ترتیب بتائی ہے کہ پہلے والدین ، رشتہ داروں اور پھر دیگر حاجت مندوں پر خرچ کیا جائے.

Q3. سورۃ التوبہ کب نازل ہوئی-

Ans 1: جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کی حیات طیبہ کے آخری دور میں غزوہ تبوک کے بعد نازل ہوئی.

Q4. سورۃ الانفال قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے کون سے سورت ہے.

Ans 1: سورۃ الانفال قرآن مجید کی ترتیب سے اعتبار سے آٹھویں سورت ہے-

---

Q5. سورہ البقرہ کہاں نازل ہوئی.

Ans 1: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین جب ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف فرما ہوئے تو یہ سورت نازل ہوئی.

Q6. سورۃ الانفال کو سورۃ الانفال کیوں کہا گیاہے.

Ans 1: اس سورت میں مال غنیمت کی تقسیم کے احکام نازل ہوئے ہیں- اسی مناسبت سے اس کا نام سورۃ الانفال ہے.

Q7. سورہ ایتہ الکرسی کی کتنی ایت ہیں

Ans 1: ایتہ الکرسی قرآن مجید کیبہت فضیلت والی آیت ہے اور تمام ایتوں کی سردار ہے. سورہ البقرہ کی آیت نمبر دو سو پچپن ایتہ الکرسی ہے.

Q8. انفال کی معنی کیاہیں-

Ans 1: "انفال" نفل کی جمع ہے ، نفل زائد چیز کو کہتے ہیں- مال غنیمت کو "نفل" اس لیے کہا جاتا ہے کیوں کہ وہ اصل مقصود سے زائد ہوتا تھا.جہاد سے مقصود تو آخرت کا اجر اور اللہ تعالی کی رضا ہے- مال کا ملنا، اللہ تعالی کا فضل اور عطیہ ہے. اس لیے مال غنیمت کا انفال کہا گیا ہے.

Q9. آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کی آخری دو آیات کے بارے میں کیا فرمایا.

Ans 1: سورۃ البقرہ کی آخری دو آیات کے بارے میں حضور اقدس خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص بھی سورۃ البقرہ کی آخری دو آیات رات میں سونے سے پہلے پڑھے گا اس کے لیے کافی ہوجائیں گی.

Q10. قرآن مجید ترتیب کے لحاظ سے سورہ بقرہ کی سورت .

Ans 1: سورہ البقرہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے دوسری اور سب سے طویل سورت ہے.